خطوط/تبصرے

ادارہ

مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی

صدر جامعہ دارالعلوم۔ کراچی

جامعہ خیر العلوم خیر پور کی طرف سے مجلّہ تحقیقات حدیث آں جناب کے گرامی نامے کے سا تھ نظر نواز ہوا، سرسری طور پر دیکھ کر مسرت ہوئی۔ اس مجلّے کے مطالعے کا تو موقع نہ مل سکا لیکن فہر ست مضامین سے اندازہ ہوا کہ ان شاء اللہ یہ سلسلہ مفید ہوگا۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالی آپ حضرات کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور علمی حلقوں کے لئے اسے کام یاب بنا کر آپ کے لئے اور حضرت مولانا مفتی غلام قادر رحمۃ اللہ کے لئے صدقہ جاریہ بنائے۔ (آمین)

مولانا قاری محمد حنیف جالندھری

مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان۔ ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

حدیث کا موضوع جتنا قدیم اور مہتم بالشان رہا ہے اس فن پر جتنا کام ہوا ہے اور جتنا مخدوم یہ فن رہا ہے یقیناً کوئی بھی فن اس قدر اعتنائے کثیر سے محروم رہا۔ بدقسمتی سے فی زمانناً بہ وجوہ احادیث اور اس کی تشریح وتحقیق کا وہ تسلسل برقرار نہیں رہ سکا جس کا یہ مستحق تھا۔ خاص کر عصر حاضر کے پیدا کردہ بعض مسائل کے تناظر میں احادیث کو سمجھنا اور استنباط وتحقیق کی نت نئی جہات سامنے لانا ایسے امور ہیں جن سے اغماض برتنا کسی طور پر مفید نہیں ہوسکتا۔ چناں چہ ایسی صورت حال میں ایک ایسے مجلّے کا منظر عام پر آنا جس کا ورق ورق مذکورہ ضرورت کو بہ طریق اتم پوری کرتا ہو اور جس کی سطر سطر تحقیق وتشریح حدیث کے لئے وقف ہو، نہ صرف لائق صد تحسین ہے بل کہ تشنگان فن حدیث کی طرف سے مبارک باد کا مستحق ہے۔